اطمینان بخش کلام کیا اور جو کچھ لکھا ہے حوالہ کے ساتھ مدلل لکھا ہے اس لئے اثبات حدیث کے اُردو لٹریچر میں یہ کتاب ایک اچھا اور قابلِ قدر اضافہ ہے۔

الہامِ سحر: از جناب آرزو سہارنپوری۔ تقطیع خورد۔ ضخامت ۲۰۰ صفحات، کتابت و طباعت اعلیٰ، قیمت مجلد پانچ روپیہ۔

پتہ: نمبر ۷۷۔ جی، ٹی۔ روڈ فلیٹ نمبر ۵ ڈاک خانہ سلکیہ۔ ہاوڑہ (مغربی بنگال)

جناب آرزو سہارنپوری اُردو کے کہنہ مشق اور پختہ گو شاعر ہیں، بہ نسبت نظم کے غزل سے زیادہ مناسبت ہے۔ لیکن خیالات میں بلندی اور صفائی ہے۔ موصوف کے کلام میں حسن وعشق اور ہجر و وصال کے مضامین کے ساتھ معرفتِ نفس اور عرفانِ روح کا ایسا حسین امتزاج پایا جاتا ہے کہ آپ کی غزلیں عراقی اور عرفی کی غزلوں کا اُردو ایڈیشن معلوم ہوتی ہیں۔ اور ظاہر ہے اُردو زبان کے ایک شاعر کے لئے یہ بات کچھ کم قابلِ فخر نہیں ہے۔ امید ہے اربابِ ذوق اس کے مطالعہ سے شادکام ہوں گے۔

بُرہان کے پُرانے پرچے درکار ہیں

جنوری ۴۱ء لغایۃ دسمبر ۴۱ء عموماً اور فروری ۴۱ء جولائی و اگست ۴۱ء خصوصاً

نیز جنوری ۴۲ء لغایۃ دسمبر ۴۲ء و مارچ ۴۴ء اور جولائی ۶۶ء ستمبر ۱۹۶۶ء

دفتر کو مندرجہ بالا شماروں کی فائل مکمل کرنے کے لئے ضرورت ہے مرحمت فرما کر ممنون فرمائیں۔

جو حضرات پرانے پرچے الگ کر دینا چاہتے ہوں اُن سے درخواست ہے کہ دفتر کو مطلع فرمادیں اور پرچوں کی جلد و شمارہ نمبر کا حوالہ بھی دیدیں، ضرورت کے پرچوں کے عوض ہم خریداروں کی مدّت میں توسیع کر دیں گے، اعزازی اور تبادلہ کے طور پر جن حضرات کی خدمت میں بُرہان پہونچتا ہے وہ حضرات اگر فائل رکھنے کے عادی نہ ہوں تو ایسے حضرات سے ہم بجا طور پر توقع کریں گے کہ وہ ادارہ کی لائبریری کو موجود رسائل مُفت پیش فرمادیں' ادارہ اُن کی پیش کش کو شکریہ کے ساتھ قبول کرے گا۔ ایجنٹ حضرات سے گذارش ہے کہ اگر وہ اپنے حلقہ اشاعت میں جولائی ۶۶ء، ستمبر ۱۹۶۶ء کے رسائل واپس حاصل کر کے مرحمت فرمادیں تو ہم ان کے عوض تازہ بُرہان پیش کر دیں گے اور واپسی کا خرچ دفتر کے ذمّہ ہوگا۔

نیازمند: محمد ظفر احمد خاں منیجر بُرہان دہلی ۶